

يا فاطمة
سلام الله عليها
فاطمة الزهراء


ایام فاطمیہ سلام اللہ علیہا
01
اہل بیت کی اطاعت و امامت کے فوائد
فَجَعَلُ اللّٰهُ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ طَاعَتَنَا نِظَامًا لِلْمِلَّةِ،
وَإِمَا مَتَنَا أَمَانًا مِنَ الْفُرْقَةِ،
خدا نے ہم اہل بیت کی اطاعت و پیروی کو اُمّتِ اسلامی کیلئے نظام قرار دیا ہے اور ہماری امامت و رہبری کو اتحاد و یکجہتی کا سبب اور تفرقے سے امان قرار دیا ہے۔
(بحار الانوار، ج ۴۳ ص ۱۵۸)
www.Hussainilibrary.com


ایامِ فاطمیہ
02
ایمان اور نماز کے فوائد
خدائے تعالیٰ نے ایمان کو تمہارے لئے
شرک سے پاکیزگی کا سبب قرار دیا اور
نماز کو تکبر اور خود خواہی اور خود پرستی
سے دوری کا عامل قرار دیا ہے۔
(أحتجاج طبرسی ، ج ۱،ص ۲۵۸)
www.Hussainilibrary.com



ایام فاطمیہ-03

امام کی مثال کعبہ کی ہے

امام کعبہ کی مانندؑ ہے لوگوں کو امام کی جانب جانا اور رجوع کرنا پڑتا ہے جبکہ امام کسی کے پاس نہیں جاتا (لوگوں کو امام کی خدمت میں حاضر ہونا پڑتا ہے چنانچہ امام کے اپنے پاس آنے کی توقع نہیں کرنی چاہیئے)۔

(بحار الانوار، ج ۳۶ ص ۳۵۳)

www.Hussainilibrary.com

ایام فاطمیہ 04

ایمان اور نماز کے فوائد

خدائے تعالی نے ایمان کو تمہارے لئے
شرک سے پاکیزگی کا سبب قرار دیا اور نماز کو
تکبر اور خود خواہی اور خود پرستی سے
دوری کا عامل قرار دیا ہے۔

(احتجاج طبرسی ، ج ۱ ص ۲۵۸)

www.Hussainilibrary.com


ایام فاطمیہ
05
صبر و جہاد کے ثمرات
خداوند متعال نے جہاد کو اسلام کی عزت و
ہیبت کا سبب اور صبر واستقامت کو حق تعالیٰ
کے انعام و جزا کے استحقاق کا باعث قرار دیا ہے۔
(احتجاج طبرسی، ج ا ص ۲۵۸)
www.Hussainilibrary.com


ایام فاطمیہ - 06

امامِ علی علیہ السلام کا تعارف

علی ابن ابی طالب علیہ السلام الٰہی پیشوا، نور اور روشنی کا پیکر، تمام موجودات اور عارفین کا مرکزِ توجہ اور طاہرین و طیبین کے خاندان کے پاک و طیب فرزند ہیں؛ حق بولنے والے متکلم ہیں، اور ہدایت دینے والے رہنما ہیں، وہ امامت و قیادت کا مرکز و محور ہیں۔

(ریاحین الشریعہ: ج 1، ص 93)

www.Hussainilibrary.com


ایام فاطمیہ۔ 07
محمد ص و علی علیہ السلام
امت کے باپ
حضرتِ محمد ص اور حضرتِ علی علیہ السلام دونوں،
اس امت کے باپ ہیں اور اگر اہلِ امتِ انکی پیروی
کریں تو وہ (دو باپ) ہرگز انہیں دنیاوی انحرافات
کا شکار نہیں ہونے دیں گے اور انہیں آخرت کے
دائمی عذاب سے نجات دیں گے اور انہیں جنت کی
فراوان نعمتوں سے بہرمند کر دیں گے۔
(بحار الانوار، ج ۲۵۹، ۲۳، ج ۸)
www.Hussainslibrary.com

ایام فاطمیہ۔ 08

عبادت میں خلوص کے فوائد

حضرت فاطمہ زہراء سلام اللہ علیہا نے فرمایا

جو شخص اپنی خالص عبادت خداوند متعال کی بارگاہ میں پیش کرتا ہے (اور صرف اس کی رضا کے لئے عمل کرتا ہے) خدا بھی اپنی بہترین مصلحتیں اس پر نازل فرما کر اس کے حق میں قرار دیتا ہے۔

(بجار الانوار، جلد ٧٤، ص ٤٤٩)

www.Hussainilibrary.com

ایامِ فاطمیہ، 09

آلِ محمدؐ کی محبت پر مرنا شہادت ہے

حضرت فاطمہ زہراؑ، سلام اللہ علیہا نے فرمایا

أَلَا مَنْ مَاتَ عَلَى حُبِّ آلِ مُحَمَّدٍ مَاتَ شَهِيدًا

آگاہ رہو! جو شخص آلِ محمدؐ کی محبت پر مرا وہ شہید مرا ہے۔

(عوالم العلوم، ج ۲۱ ص ۳۵۳)

www.Hussainilibrary.com

ایامِ فاطمیہ - 10

علی علیہ السلام کا محب سعادت مند و خوشبخت ہے

حضرت فاطمہ زہراء سلام اللہ علیہا نے فرمایا

بے شک حقیقی اور کامل ترین سعادتمند شخص وہ ہے جو امام علی علیہ السلام سے آپ کی حیات میں اور بعد از حیات محبت رکھے۔

(شرح نہج البلاغہ، ج ۲ ص ٤٤٩)

www.Hussainilibrary.com


فاطمہ سلام اللہ علیہا
ایام فاطمیہ۔ 11
بہترین اور قابل قدر ترین افراد
تم میں سے بہترین وہ ہے جو لوگوں
کا سامنا کرتے وقت زیادہ نرم اور
زیادہ مہربان ہو اور تم میں سے قابل قدر
ترین مرد وہ ہیں جو اپنی بیویوں کے ساتھ
زیادہ مہربان اور زیادہ بخشنے والے ہوں۔
(گنز العمال، ج: ۷ ص ۲۲۵)
www.Hussainilibrary.com



ایام فاطمیہ۔ 12

مومنین کے لئے پسندیدہ چیزیں

حضرت فاطمہ زہراء سلام اللہ علیہا نے فرمایا:

تمہاری دنیا سے مجھے تین چیزیں پسند ہیں:

1. تلاوتِ قرآن
2. رسولِ خدا (ص) کے چہرۂ مبارک کی طرف دیکھنا
3. خدا کی راہ میں انفاق و خیرات کرنا۔

(وقائع الایام خیابانی، ص 295)

www.Hussainilibrary.com


فاطمة الزهراء عليها السلام